Urdu

# SU-مرکبات کے ساتھ علاج

## علاج کے بارے میں مختصراً

SU- مرکبات (sulfonylurin) مواد لبلبہ میں انسولین کی پیداوار کو بڑھا کر کام کرتے ہیں۔ جب زیادہ انسولین تیار ہوتی ہے تو خون میں شوگر گر جاتی ہے۔ یہ ایک ایسی دواء ہے جو کئی سالوں سے ٹائپ 2 ذیابیطس کے علاج کے لیے استعمال ہوتی چلی آ رہی ہے۔ SU- مرکبات کو ٹائپ 2 ذیابیطس کے علاج کے لیے اکثر دوسری گولیوں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جاتا ہے، جیسے کہ metformin۔

## SU- مرکبات کیسے لیں

یہ گولیاں اصولی طور پہ دن میں ایک بار، اکثر صبح کے وقت لی جاتی ہیں۔

ہم تجویز کرتے ہیں کہ اگر آپ الٹی یا اسہال سے بیمار ہو جائیں اور پانی کی کمی کا شبہ ہو تو آپ علاج میں وقفہ کریں۔ آپ کو بیماری کی صورت میں خون میں شوگر کی پیمائش کرنی چاہیے اور ممکنہ طور پر اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

## ممکنہ ذیلی اثرات

زیادہ تر عام ذیلی اثرات یہ ہیں:

- متلی
- پیٹ میں درد
- اسہال
- خون میں نیچی شوگر

اگر آپ کو تھکاوٹ ہو ، بے آرام یا بھوکے ہوں ، تو آپ کو اپنے خون میں شوگر کی پیمائش کرنی چاہیے۔ یہ وہ علامات ہیں جو خون میں نیچی شوگر کی وجہ سے ظاہر ہوسکتی ہیں۔ گاڑی چلانے سے پہلے آپ کو اپنے خون میں شوگر کی پیمائش بھی کرنی چاہیے۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن 08.00 تا 16.00 بجے ٹیلی فون نمبر 39 68 08 00 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730

September, 2023